الجامعة البنورية العالمية
پی او بکس نمبر: ۱۰۶۹۸ سائٹ کراچی پاکستان
دار الافتاء والقضاء
Email: darulifta@gmail.com Web: http://fatawa.binoria.org Ph: +92-21-2560300\2560400 Fax: +92-21-2564586

Name :> ambreen
Address :> leeds/UK
Sebject :>
Serial No :> 3648
Fatwa No :> 36973
Date :> 29/10/2007
Email :>

Question :>
Assalam o alaykum, what should be relation of daughter and mother in law while they are living together. how much she should be contributing and how much mother in law should contribute. Is mother law has any right to tell her any thing witthen the limit of islam?

محترم جناب مفتی صاحب
السلام علیکم۔

ساس اور بہو کے آپس کی تعلقات کیسے ہونی چاہئے جبکہ دونوں ایک ہی گھر میں رہ رہی ہوں؟ گھریلو کاروبار میں ساس کا حصہ کیا ہے اور بہو کا؟ حدود شرعیہ کے اندر رہتے ہوئے اپنی ساس کے ساتھ کس موضوع پر بات کرنے کا حق بہو کو ہوتا ہے کہ نہیں؟

امبرین۔ لیڈس یوکے

الجواب حامداً ومصلیاً

ساس اور بہو کو ماں بیٹی کی طرح رہنا چاہیئے ساس کو چاہیئے کہ وہ اپنی بہو کا ہر طرح سے خیال رکھے اور اسے طعن و تشنیع کا نشانہ نہ بنائے جبکہ بہو کو چاہیئے کہ وہ اپنی ساس کو ماں کا درجہ دیتے ہوئے ہر کام میں اس سے مشورہ لے اسکی خدمت، اطاعت، اور فرمانبرداری میں کسی قسم کی کوئی کسر نہ چھوڑے اور ساس بہو کے ساتھ بہتان تراشی، غیبت، لڑائی، جھگڑے فساد وغیرہ جیسے امور سے بالکلیہ اجتناب کرے۔

وفی المشکوٰۃ: عن ابن عباس رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیس منا من لم یرحم صغیرنا ولم یوقر کبیرنا ویامر بالمعروف وینہ عن المنکر (ص۴۲۳)

وفی المشکوٰۃ ایضا: عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال المؤمن مالف ولاخیر فیمن لایالف

(جاری ہے)

ولا یولف (ص ۴۲۵)

وفیه ایضاً: عن ابی هریرة رضی الله عنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ایاکم والظن فان الظن اکذب الحدیث ولا تحسسوا ولا تجسسوا ولا تناجشوا ولا تحاسدوا ولا تباغضوا ولا تدابروا وکونوا عباد الله اخوانا وفی روایة ولا تنافسوا متفق علیه اه (ص ۴۲۷)

والله اعلم بالصواب

حررہ سیف اللہ کاغانی

دار الافتاء جامعہ بنوریہ

۲۹ ذیقعدہ ۱۴۲۶ھ

الجواب صحیح

[illegible]

دار الافتاء جامعہ بنوریہ

۲۹ ذیقعدہ ۱۴۲۶ھ

الجواب صحیح

عبد الشکور [illegible]

دار الافتاء جامعہ بنوریہ

۲۹ ذیقعدہ ۱۴۲۶ھ

[illegible]

۵۷/۱۲/۱۱